Frequently Asked Questions

سوال ڈپٹی کمشنر چکوال سے ملاقات کے اوقات کیا ہیں؟
جواب : ہر خاص وعام شہری صبح 10 بجے سے 12 بجے اور شام 2:30 بجے سے 3:30 بجے تک کے اوقات میں ڈپٹی کمشنر چکوال سےملاقات کر سکتا ہے۔
سوال۔ ضلع چکوال میں ڈومیسائل کہاں بنتا ہے؟
جواب۔ ضلع چکوال کے ہر شہری کا ڈومیسائل ان کے متعلقہ تحصیل کے دفتر میں بنایا جاتا ہے۔
سوال۔ شہری اپنی کسی بھی قسم کی شکایت کہاں درج کریں؟
جواب۔ ضلع چکوال کا ہر DAASکےwhatsapp نمبر03187229600پر درج کروا کرا سکتے ہیں شہری اپنی شکایات جناب وزیرِاعظم صاحب کے پاکستان سٹیزن پورٹل اور

سوال (Form-A)۔پیدائش سرٹیفیکیٹ فارم کہاںسے ملے گا
جواب متعلقہ یونین کونسل /میونسپل کمیٹی سے فارم حاصل کیا جا سکتا ہے

سوال پیدائش کا اندراج کون کرا سکتاہے؟
جواب پیدائش کا اندراج بچے کا با پ/ماں یا سرپرست درج کرواسکتا ہے

سوال پیدائش سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کی فیس کیا ہے؟
جواب پیدائش سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کی فیس مبلغ 100روپے ہے جو متعلقہ یونین کونسل /میونسپل کمیٹی کے سیکرٹری کو جمع کروائی جائے گی۔

سوال پیدائش سرٹیفیکیٹ جاری ہو نے کا طریقہ کار؟
جواب نارمل اندراج : تاریخ پیدائش سے 60دن تک کی پیدائش نارمل رجسٹریشن تصور ہو گی اور رجسٹریشن کے بعد اندر3یوم متعلقہ سیکرٹری یونین کونسل /میونسپل کمیٹی سےسرٹیفیکیٹ حاصل کیا جا سکتا ہے۔
لیٹ اندراج: تاریخ پیدائش سے 60دن کے بعد7 سال تک کی رجسٹریشن لیٹ اندرج تصور ہو گی۔ جس کے اندراج کے لیے چیئرمین یونین کونسل /میونسپل کمیٹی کو (Form-A) جس پر ۲ گواہوں کی تصدیق ہوگی جمع کروائے گا اور مندرجہ ذیل کوائف میں سے کسی ایک کا دینا لازمی ہو گا۔ جس سے پیدائش کی تاریخ ثابت ہو سکے
- پیدائش ہسپتا ل میں ہونے کی صورت میں ہسپتال کا پیدائش سرٹیفیکیٹ ۔
- سکول سرٹیفیکیٹ جس پر تاریخ پیدائش درج ہو۔
- پولیوویکسینیشن کارڈ جس پر تاریخ پیدائش درج ہو۔
- دیہی علاقہ کی صورت میں علاقہ کےنمبردارکی طرف سے جاری کردہ پیدائش کی تصدیق۔

چیئرمین یونین کونسل /میونسپل کمیٹی معاملہ کی چھان بین کرنے کے بعد اند ر 7یوم لیٹ اندراج کرے گا اور سائل کو سرٹیفیکیٹ جاری کرے گا
سوال سرٹیفیکیٹ کتنے دنوں میں جاری ہوگا؟

نارمل اندراج پیدائش سے 60دن تک: 3 دن
لیٹ اندراج تاریخ پیدائش سے7سال تک : 7دن
لیٹ اندراج تاریخ پیدائش سے7سال بعد: 20دن

سوالنامہ فوتیدگی سرٹیفیکیٹ

سوال فوتیدگی سرٹیفیکیٹ فارم کہاں سے ملے گا؟
جواب متعلقہ یونین کونسل /میونسپل کمیٹی سے فارم حاصل کیا جا سکتا ہے۔

سوال فوتیدگی کا اندراج کون کرا سکتاہے؟
جواب فوتیدگی کا اندراج خاندان کا کوئی بھی شخص کراوا سکتا ہے۔ با پ/ماں یا سرپرست

سوال فوتیدگی سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کی فیس کیا ہے؟
جواب فوتیدگی سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کی فیس مبلغ 100روپے ہے جو متعلقہ یونین کونسل /میونسپل کمیٹی کے سیکرٹری کو جمع کروائی جائے گی

سوال فوتیدگی سرٹیفیکیٹ جاری ہو نے کا طریقہ کارکیاہے
جواب   نارمل اندراج : تاریخ وفات سے 60دن تک کی وفات نارمل رجسٹریشن تصور ہو گی اور رجسٹریشن کے بعد اندر 3یوم متعلقہ سیکرٹری یونین کونسل میونسپل کمیٹی سے سرٹیفیکٹ حاصل کیا جا سکتا ہے۔
لیٹ اندراج: تاریخ وفات سے 60دن کے بعد180 دن تک کی رجسٹریشن لیٹ اندرج تصور ہو گی۔ جس کے اندراج کے لیےسائل اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کو درخواست دائر کرے گا۔ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرمکمل چھان بین کرنے کے بعد اندراج کا حکم متعلقہ چئیرمین یونین کونسل/میونسپل کمیٹی کو دے گا۔ ۱گر وفات کے 180 دن کے بعد کی رجسٹریشن کروانی مقصو د ہو تو سائل متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر کو درخواست دے گا۔ اور اسسٹنٹ کمشنر مکمل چھان بین کرنے کے بعد اندراج کا حکم متعلقہ چئیرمین یونین کونسل/میونسپل کمیٹی کو دے گا۔

سوال سرٹیفیکیٹ کتنے دنوں میں جاری ہوگا؟
جواب   نارمل اندراج وفات سے 60دن تک: 3 دن
لیٹ اندراج تاریخ وفات سے180دن تک :   7دن
لیٹ اندراج تاریخ وفات سے180دن بعد: 20دن